© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبارُالاحرار

ملتان (۱۲راگست) مجلس احراراسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ طاہر القادری اور عمران خان یہود و نصاریٰ کے مہرے ہیں اور انقلاب کے نام پر وطن عزیز کو ناکام ریاست کے طور پر ڈکلیئر کرانے کے ایجنڈے پر کام کررہے ہیں اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آئین اور قانون کا راستہ چھوڑ کر بغاوت کا راستہ اختیار کرنے والے عناصر پاکستان کی سلامتی سے کھیلنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک تیزی سے عدم استحکام کی طرف بڑھ رہا ہے اور ملک کو استحکام بخشنے اور فتنوں سے بچنے کے لیے ضروری ہے کہ قیام ملک کے اصل مقصد ''نفاذ اسلام'' کو نیک نیتی سے پورا کیا جائے۔ نیز امریکی تسلط سے آزادی حاصل کی جائے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت نفاذِ اسلام کا انقلابی اقدام کر کے طاہر القادری اور عمران خان کے یورپین برانڈ انقلاب کا راستہ مسدود کردے۔

❁ ❁ ❁

چیچہ وطنی (۱۳راگست) مجلس احرارِ اسلام چیچہ وطنی کے دفتر پر وطن عزیز کے پرچم کی تقریب پرچم کشائی ہوئی، اِس موقع پر وطن عزیز کی سلامتی اور ملک میں اسلامی نظام کے عملی نفاذ کی دعا کی گئی۔ مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے ''یوم آزادی'' کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا ہے کہ انگریز سامراج کے غاصبانہ فیصلے سے آزادی اور مملکت خُداداد پاکستان کے قیام کا مقصد سیکولر پاکستان نہیں بلکہ ایک اسلامی فلاحی ریاست کا قیام تھا اور مسلمانوں نے اپنی عزت و آبرو اور جان و مال اس لیے قربان کئے کہ ان کی آئندہ نسلوں کو پاکستان میں سکھ کا سانس ملے گا ،انہوں نے کہا کہ 67 سالوں میں ملک کو اس کے اساسی نظریے سے ہٹانے بانی پاکستان محمد علی جناح کے وژن سے دور لے جانے کے لیے ماضی کے تمام حکمرانوں نے کوئی کسر نہیں چھوڑی ،انہوں نے کہا کہ موجودہ بحران ،بدامنی اور انارکی کی اصل وجہ اُس نظام کا نافذ نہ کرنا ہے، جس کا ملک بناتے وقت وعدہ کیا گیا تھا، اس بدعہدی کی سزا ملتی رہے گی ،تا آنکہ ہم اللہ کے غضب کو مزید دعوت نہ دیں اور قرآن کا نظام نافذ کردیں ،انہوں نے کہا کہ قائداعظم کے خیالات کو سیکولرازم کی طرف گھسیٹنا خود قائداعظم اور تاریخ سے بدترین ناانصافی ہے ،انہوں نے کہا سودی معیشت ختم کرنے کا وعدہ نواز شریف پورا کرتے ہوئے غیر سودی بنکاری کی طرف آنا چاہیے اور یہ دستور پاکستان کا تقاضا بھی ہے۔

❁ ❁ ❁

چیچہ وطنی (۱۴راگست) تحریک ختم نبوت کے رہنما اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ ڈاکٹر طاہر القادری نے لاہور سے اسلام آباد روانگی کے وقت انگریزی میں یہ کہا ہے کہ ''اللہ کے علاوہ کسی کو، دوسرے کو غیر مسلم قرار دینے کی اجازت نہیں میں کسی کو کافر قرار دینے کے خلاف ہوں اور اس کے لیے آئین میں ترمیم بھی کروں گا''۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ اگر ڈاکٹر طاہر القادری کا اس سے مطلب قادیانی ہیں اور اس حوالے سے انہوں نے آئین میں ترمیم کی بات کی ہے، تو وہ دل کے دروازے کھول کر سُن لیں کہ کوئی مائی کا لعل قادیانیوں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



والی قرارداد اقلیت ختم نہیں کرسکتا۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر طاہر القادری کو کھل کر بتانا چاہیے کہ وہ اس حوالے سے آئین میں کون سی ترمیم کی بابت بات کررہے ہیں۔

❁ ❁ ❁

ملتان (۱۵/اگست) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ طاہر القادری کی طرف سے قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کی اسمبلی کی قرارداد کو ختم کرانے کا بیان شرمناک اور امریکی ایجنڈہ ہے۔ پوری امت مسلمہ متفقہ طور پر قادیانیوں کو غیر مسلم سمجھتی ہے۔قادیانی اسمبلی کے فیصلے سے پہلے بھی متفقہ طور پر کافر تھے۔قومی اسمبلی نے امتِ مسلمہ کے فیصلے کو آئین کا حصہ بنایا۔جس پر پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں نے متفقہ طور پر دستخط کیے۔

انھوں نے کہا کہ قادری، استعماری قوتوں کے ایجنٹ اور انہی کے ایجنڈے پر کام کررہے ہیں۔دنیا کی کوئی طاقت ختم نبوت اور قادیانیت کی آئینی ترمیم کو ختم نہیں کرسکتی۔اگر ایسی کوشش کی گئی تو 1953ء کی تحریکِ ختم نبوت سے بھی بڑی تحریک چلائی جائے گی۔سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ آئین کی پاسداری، تحفظ اور احترام ہر پاکستانی پر فرض ہے۔ آئین میں ملک کی نظریاتی بنیادیں طے کردی گئی ہیں اور حکومتوں کی تبدیلی کا طریقہ کار بھی طے ہے۔ملک کسی بھی غیر آئینی اقدام کا متحمل نہیں ہوسکتا۔جب سیاسی قوتیں ہی آئین کی پامالی کے درپے ہوں تو سوائے انتشار وافتراق اور خانہ جنگی کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔

❁ ❁ ❁

چیچہ وطنی (۱۷/اگست) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری، سید محمد کفیل بخاری اور عبداللطیف خالد چیمہ نے جامعہ تجوید القرآن چیچہ وطنی کے مہتمم پیر جی قاری عبدالرحمن کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ان کی دینی وتعلیمی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ پیر جی عبدالرحمن اپنے روحانی ونسبی بزرگوں کی وراثت کے امین تھے اور عمر بھر لوگوں کو قرآن سے جوڑنے کے لیے سرگرم رہے علاوہ ازیں احرار ختم نبوت مشن برطانیہ کے صدر شیخ عبدالواحد نے بھی پیر جی قاری عبدالرحمن کی رحلت پر تعزیت وافسوس کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ پیر جی عبدالرحمن انکساری کا مرقع تھے اور ساری عمر رائے پوری حضرات کے لگائے ہوئے تعلیم القرآن کے پودے کی آبیاری کرتے رہے۔

❁ ❁ ❁

چیچہ وطنی (۲۰/اگست) اہلسنت والجماعت پاکستان کے سربراہ مولانا احمد لدھیانوی نے کہا ہے کہ ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے، بیرونی ایجنڈے کے ساتھ سول نافرمانی کی باتیں پہلی دفعہ کی جارہی ہیں، وہ گزشتہ روز مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ سے ان کے دفتر جامع مسجد چیچہ وطنی میں ملاقات کے موقع پر موجود کارکنوں سے خطاب کررہے تھے، انہوں نے کہا کہ امریکی ایجنڈے کے ساتھ ایرانی اور خمینی طرز کا انقلاب لانے والوں نے بغاوت پر مبنی جو فتنہ وفساد کھڑا کیا ہے یہ ریاست اور آئین کو چیلنج پر مبنی رویہ ہے، انہوں نے کہا کہ صوفی محمد اب تک اس لیے جیل میں ہیں کہ انہوں نے ریاست کے آئین کو چیلنج کیا تھا اور لال مسجد میں معصوم جانوں کو بھون دیا گیا! ایسے اقدامات کرنے والوں کی تائید کرنے والے اب کیوں خاموش ہیں، انہوں نے کہا کہ ایرانی طرز کے انقلاب اور شر پسندی کا راستہ روکا جائے گا، انہوں نے کہا کہ عمران خان اور قادری دونوں یہود ونصاریٰ کے مہرے کے طور پر استعمال ہو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رہے ہیں ان کا انقلاب کا نعرہ کسی اور طاقت کا دیا ہوا ہے اپنا نہیں۔ بعدازاں مولانا محمد احمد لدھیانوی نے دارالعلوم ختم نبوت کے طلباء اور اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرآنی تعلیم اللہ کی خوشنوی کے حصول کا بہترین ذریعہ ہے، انہوں نے کہا کہ ہماری تمام مشکلات کا حل صرف اور صرف وحی الٰہی کے احکامات کی مکمل تابعداری میں ہے، انہوں نے طلباء کو نصیحت کی دینی تعلیم کے بعد معاشرے میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے لیے اپنی صلاحیتوں کو وقف کریں، اِس موقع پر قاری محمد قاسم، حکیم محمد قاسم، پروفیسر جاوید منیر احمد، مولانا منظور احمد، جمعیت علماء اسلام کے رہنما حافظ حبیب اللہ چیمہ، قاضی عبدالقدیر، مولانا محمد یونس قاسمی، مولانا لطف الرحمٰن، قاری نعیم، مولانا وسیم اللہ، بھائی محمد رمضان جلوی، حافظ محمد سلیم شاہ اور کئی دیگر حضرات بھی موجود تھے۔

❁ ❁ ❁

ملتان (۲۱/اگست) تحریک آزادی کے نامور مجاہد بانی احرار حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری مرحوم کے 53ویں یوم وفات (21 اگست) کے موقع پر گزشتہ روز ملک کے طول وعرض میں ''یوم امیر شریعت'' منایا گیا۔ مجلس احرار اسلام تحریک تحفظ ختم نبوت، تحریک طلباء اسلام پاکستان اور دیگر تنظیموں کے زیراہتمام مختلف مقامات پر منعقدہ اجتماعات، سیمینارز اور اجلاسوں میں سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی دینی وسیاسی اور قومی وملی خدمات کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ ابن امیر شریعت سید عطاء المہیمن بخاری، نائب امیر سید محمد کفیل بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، مولانا محمد مغیرہ نے مختلف مقامات پر کہا کہ سید عطاء اللہ شاہ بخاری نے ہندوستان پر فرنگی سامراج کے انخلاء کیلئے تحریک آزادی کو جلا بخشی اور قافلۂ سخت جاں احرار نے حریت فکر کا ایسا نعرہ لگایا کہ مظلوم طبقات انگریز سامراج کے ظلم واستبداد کے سامنے کھڑے ہوگئے انگریز کے غرور تکبر کو سید عطاء اللہ شاہ بخاری نے پاؤں تلے روندا اور تحفظ ختم نبوت کیلئے قیدوبند کی صعوبتیں برداشت کیں۔ علاوہ ازیں لاہور میں ''یوم امیر شریعت'' کا مرکزی اجتماع مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری اطلاعات میاں محمد اویس کی زیرصدارت ایوان احرار نیومسلم ٹاؤن میں منعقد ہوا جس میں تحریک طلباء اسلام پاکستان کے مرکزی کنونیر محمد قاسم چیمہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سید عطاء اللہ شاہ بخاری کو خراج عقیدت پیش کرنے کا سب سے بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہم امریکی استعمار کی چیرہ دستیوں کو بے نقاب کرتے رہیں اور فتنہ ارتداد مرزائیہ کی ملک وملت کے خلاف ریشہ دوانیوں کا سدباب کرنے والے بن جائیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک جن گھمبیر حالات سے دوچار ہے اس کے لئے پھر ایک سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی ضرورت ہے۔ ملتان، تلہ گنگ، چنیوٹ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، بوریوالہ، گجرات، رحیم یار خان، کمالیہ اور چیچہ وطنی سے موصولہ اطلاعات میں سید عطاء اللہ شاہ بخاری کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عہد کی تجدید کی گئی کہ ملک کو اسلامی فلاحی ریاست بنانے کیلئے مجلس احرار اسلام اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ دریں اثناء مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ عمران خان اور طاہر القادری امریکی وسامراجی ایجنڈے کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتشار اور انارکی پیدا کر کے پاکستان کو ناکام ریاست ڈکلیئر کرانے کیلئے اغیار کی سازشیں پروان چڑھائی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وطن عزیز کے خلاف ہونے والے سازشیں دم توڑ جائیں گی اور سامراجی گماشتوں کو منہ کی کھانی پڑے گی۔ مزید برآں مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری اطلاعات میاں محمد اویس نے بتایا ہے کہ مرکز احرار دارِ بنی ہاشم ملتان میں قائد احرار ابن امیر شریعت سید عطاء المہیمن بخاری، مرکز احرار مدنی مسجد چنیوٹ میں سید محمد کفیل



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بخاری اور پروفیسر خالد شبیر احمد، مرکز احرار تلہ گنگ میں مولانا تنویر الحسن، مسجد احرار چناب نگر میں مولانا محمد مغیرہ جمعۃ المبارک کے اجتماعات میں سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی لازوال جدوجہد کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ لاہوری وقادیانی مرزائیوں کو غیر اقلیت قرار دیئے جانے کے تاریخی دن کے حوالے سے 7 ستمبر کو ملک بھر میں تمام مکاتب فکر کے زیر اہتمام ''یوم تحفظ ختم نبوت'' منایا جائیگا۔ انہوں نے بتایا کہ یکم ستمبر سے لے کر 10 ستمبر تک عشرہ ختم نبوت منایا جائیگا اور دینی جماعتیں ذوالفقار علی بھٹو مرحوم کے دور میں پارلیمنٹ میں قرارداد اقلیت کے حوالے سے اجتماعات ختم نبوت منعقد کریں گی۔ جب کہ ایوان احرار مسلم ٹاؤن لاہور میں یوم تحفظ ختم نبوت کا مرکزی اجتماع منعقد ہوگا۔

❁ ❁ ❁

ملتان (۲۲؍اگست) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی امیر سید عطاء المہیمن بخاری اور جامعہ قاسم العلوم کے مہتمم رفیقِ امیر شریعت مولانا محمد یسین نے کہا ہے کہ امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری نے تحریک آزادی اور تحریک تحفظ ختم نبوت میں لازوال قربانیاں دیں اور قائدانہ کردار ادا کیا۔ وہ ایوانِ احرار دار بنی ہاشم میں سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے 53 ویں یوم وفات کی مناسبت سے ''یوم امیر شریعت'' کے مرکزی اجتماع پر ان کی دینی وقومی خدمات پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے تھے انھوں نے کہا کہ سید عطاء اللہ شاہ بخاری استعمار دشمنی کی علامت اور اسلام کے عظیم مبلغ تھے۔ انہوں نے اسلام اور وطن کی آزادی کیلئے چالیس برس انتھک جدوجہد کی اور زندگی کے دس سال انگریز کی جیلوں میں گزارے۔ دینی وسیاسی جدوجہد میں ان کے پائے استقلال میں کبھی لغزش نہیں آئی۔ انھوں نے ساری زندگی فرنگی اور اس کے خود کاشتہ پودے مرزائی کے خلاف منظّم جدوجہد جاری رکھی۔ انھوں نے فرنگی سامراج اور اس کے وفاداروں سے نفرت اپنی جماعت مجلس احرار کے ہر کارکن کے رگ وریشہ میں پیوست کردی۔ شاہ جی نے دوست اور دشمن کے معیار سے پوری قوم کو شناسا کرایا۔ دین دشمن طاقتوں اور ان کے حلیفوں کو کبھی دین دوست نہیں سمجھا دین وہ استقامت کا پہاڑ تھے۔ انھوں نے کہا کہ احرار آخری سانس تک عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے جدوجہد کرتے رہیں گے۔

چنیوٹ (۲۲؍اگست) مجلس احرار اسلام پاکستان کے نائب امیر سید محمد کفیل بخاری، پروفیسر خالد شبیر احمد نے مرکز احرار مدنی مسجد چنیوٹ میں منعقدہ یوم امیر شریعت کے حوالے سے منعقدہ ''خدماتِ امیرِ شریعت سیمینار'' سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سید عطاء اللہ شاہ بخاری نے 1916ء سے دعوتی وتبلیغی اور 1919ء کے حادثہ جلیاں والہ باغ امرتسر کے بعد سیاسی جدوجہد کا آغاز کیا۔ انہوں نے برصغیر کی ہر قومی وسیاسی اور دینی تحریک میں نمایاں کردار ادا کیا۔ سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ شاہ جی نے 1929ء میں مجلس احرار اسلام قائم کی اور مرتے دم تک مجلس احرار اسلام سے وابستہ رہے۔ پروفیسر خالد شبیر احمد نے کہا کہ احرار اور تحفظ ختم نبوت میں جسم اور روح کا تعلق ہے۔ امیر شریعت نے ہی احرار کارکنوں میں تحفظ ختم نبوت کے جذبہ کی روح پھونکی۔ قادیانیت کے دھوکہ وفریب کا پردہ چاک کر کے ان کا عوامی محاسبہ کیا اور مسلمانوں کو گمراہی سے بچالیا۔ انہوں نے کہا کہ امیر شریعت کا نام اور ان کا کام تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہے گا۔ تحفظ ختم نبوت کی جدوجہد میں امیر شریعت کا نام ہمیشہ گونجتا رہے گا۔ سیمینار سے انٹرنیشنل ختم نبوت پنجاب کے امیر مولانا محمد الیاس چنیوٹی (ایم پی اے)، مولانا مشتاق احمد چنیوٹی، مجلس احرار اسلام کے مرکزی ناظم تبلیغ مولانا محمد مغیرہ اور مولانا محمد طیب چنیوٹی نے بھی خطاب کیا۔ دریں اثناء جامع مسجد احرار چناب نگر میں منعقدہ اجتماع میں مولانا محمود الحسن نے امیر شریعت کی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دینی وسیاسی اورملی وقومی خدمات کا تذکرہ کرتے ہوئے انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔علاوہ ازیں سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی خدمات جلیلہ کوخراج عقیدت پیش کرنے کیلئے مجلس احراراسلام، تحریک طلباء اسلام، تحریک تحفظ ختم نبوت اور دیگر دینی و مذہبی جماعتوں کے زیر اہتمام گزشتہ روزبھی اجتماعات منعقد ہوئے ۔ملک کے طول وعرض میں اجتماعات جمعۃ المبارک میں شاہ جی کی خدمات کوسراہا گیااوراس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ان کی استعمار دشمنی اور تحفظ ختم نبوت کے کردار کو زندہ رکھا جائیگا۔علماء کرام اورمقررین نے یہ بھی کہا کہ سید عطاء اللہ شاہ بخاری نے برطانوی سامراج کو ہندوستان سے نکال باہر کیا تھا ہمارے لئے ضروری ہے کہ امریکی استعمار کے تسلط کوختم کرنے کیلئے شاہ جی کے نقش قدم پر چلنے کا عہد کریں۔

## سید عطاء اللہ شاہ بخاری سچے عاشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے، حافظ گلزار احمد

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ،۲۲ر اگست ) امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ سچے عاشق رسول ﷺ برصغیر پاک و ہند کے عظیم خطیب اورتحریک آزادی کے ہیرو تھے۔انھوں نے نصف صدی تک لوگوں کوقرآن سنایا اوراوراپنی زندگی ختمِ نبوّت کے لیے وقف کررکھی تھی۔ان خیالات کا اظہار انٹرنیشنل ختمِ نبوّت موومنٹ پنجاب کے نائب صدر مولانا حافظ گلزار احمد آزاد نے فہم اسلام سینٹر شہزادٹاؤن میں امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کی یاد میں تقریب سے خطاب میں کیا۔انھوں نے کہا کہ امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ نے وقت کے فرعونوں کو للکارا، قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں۔مولانا آزاد نے کہا کہ امیر شریعتؒ نے ارتدادی تحریک کو بڑی قوت سے روک کر قادیانیت کے فتنہ سے عوام کوآگاہ کیا۔سامراج کے خلاف امیر شریعت کی خدمات آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں۔(روزنامہ ”اسلام“ لاہور)

## امیر شریعت کی خدمات لازوال ہیں، مولانا زاہدالراشدی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ،۲۲ر اگست ) پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل شیخ الحدیث مولانا زاہدالراشدی نے کہا ہے کہ امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کی خدمات لازوال ہیں۔انھوں نے اہل اسلام کے دینی عقائد کے تحفظ کے لیے تن من دھن سے جدوجہد کی اور آخری دم تک عقیدۂ ختمِ نبوّت کے تحفظ کے لیے سرگرم رہے۔ان جیا س سچا عاشقِ رسول ﷺ صدیوں بعد پیدا ہوتا ہے۔ان خیالات کا اظہار انھوں نے بخاری ہال ختمِ نبوّت مرکز گوجرانوالہ میں عالمی مجلس تحفظ ختمِ نبوّت کے زیر اہتمام تقریب میں کیا جس کی صدارت امیرِ ضلع مولانا محمد اشرف مجددی نے کی۔ اجلاس سے عالمی مجلس تحفظ ختمِ نبوّت ضلع شیخوپورہ کے جنرل سیکرٹری مولانا قاری محمد الیاس، نائب امیر مولانا قاری محمد رمضان، مبلغ مولانا ریاض احمد، پاکستان علماء کونسل کے وائس چیئر مین علامہ محمد ایوب صفدر، انٹرنیشنل ختمِ نبوّت موومنٹ کے صوبائی نائب صدر مولانا حافظ گلزار احمد، جمعیت اشاعت التوحید ناظم اعلیٰ مولانا حافظ محمد صدیق نقشبندی، عالمی مجلس تحفظ ختمِ نبوّت کے راہنما مولانا قاری منیر احمد قادری، مولانا نذیر الرحمٰن، مولانا قاری محمد ارشد، مولانا محمود الرشید قدوس، مولانا محمد عارف شامی، سید احمد حسین زید اور جمعیت اہل السنّت والجماعت کے راہنما مولانا مفتی محمد نعمان، مولانا امیر معاویہ وٹو، مولانا مفتی محمد ادریس اوردیگر نے خطاب کیا۔(روزنامہ ”اسلام“ لاہور)

❁ ❁ ❁

چیچہ وطنی (۲۲ر اگست ) تحریک آزادیٔ وطن کے نامور مجاہد، تحریک ختمِ نبوت کے قائد اور بانیٔ احرار حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری مرحوم کی یاد میں منعقدہ نشست سے خطاب کرتے ہوئے مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ برطانوی سامراج کے تسلط سے ہندوستان کو آزاد کرانے کے لیے جس قافلۂ حق نے کلیدی کردار ادا کیا، سید عطاء اللہ شاہ بخاری اُس قافلے کے سپہ سالار تھے، جن کی زندگی کا مقصد قرآن سے محبت اور انگریز سے نفرت تھا، نشست کی صدارت انجمن تحفظ حقوق شہریاں چیچہ وطنی کے سرپرست شیخ عبدالغنی نے کی جبکہ چودھری محمد اشرف، محمد صفدر چودھری، قاری محمد قاسم، حافظ ظہور احمد، رانا قمر الاسلام، ڈاکٹر محمد زبیر، قاضی بشیر احمد، ماسٹر عطا محی الدین، ماسٹر تنویر احمد، رانا علی نواز، حافظ محمد سلیم شاہ، محمد نوید طاہر (بورے والا) اور سردار محمد نسیم ڈوگر نے خصوصی شرکت کی، عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ آج دنیا بھر میں تحفظِ ختم نبوت کی پرامن جدوجہد سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی مرہون منت ہے، شاہ جی استقامت، استغناء اور اخلاص کے پیکر تھے، انہوں نے عوام سے انگریزی تسلط کا رُعب و دبدبہ ختم کر کے رکھ دیا۔ شیخ عبدالغنی نے صدارتی خطاب میں کہا کہ امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا مضبوط انفرادی و اجتماعی کردار ہمارے لیے مشعل راہ ہے وہ قرونِ اولیٰ کی سچی تصویر تھے، انہوں نے اپنے کارکنوں اور رضا کاروں سے جو محبت کی آج اُسی محبت کے مارے ہوئے طاغوت کے خلاف سینہ سپر ہیں اور حکومت الٰہیہ کے نفاذ کے لیے سرگرم ہیں، نشست میں گزشتہ دنوں انتقال کر جانے والے حضرت پیر جی قاری عبدالرحمٰن رائے پوری کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا گیا اور ان کی خدماتِ جلیلہ کو خراج تحسین پیش کیا گیا، علاوہ ازیں مرکزی مسجد عثمانیہ ہاؤسنگ سکیم کے خطیب مولانا منظور احمد اور مسجد ختمِ نبوت رحمٰن سٹی کے خطیب مفتی ذیشان آفتاب نے اجتماعات جمعۃ المبارک میں سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی خدمات جلیلہ کو شاندار الفاظ میں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو آج پھر ایک عطاء اللہ شاہ بخاری کی ضرورت ہے، مجلس احرارِ اسلام کے زونل آفس میں موصولہ اطلاعات کے مطابق متعدد مقامات پر سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی یاد میں اجتماعات منعقد ہوئے، جن میں قادیانی ریشہ دوانیوں پر روشنی ڈالی گئی، علماء کرام اور دینی رہنماؤں نے کہا کہ عمران خان اور طاہر القادری کا ماورائے آئین و قانون احتجاج ن لیگ کی حکومت کی غلط پالیسیوں اور حکمرانوں کی نااہلی کا نتیجہ ہے، انہوں نے کہا کہ قراردادِ مقاصد جو آئین کا دیباچہ ہے کے تقاضوں کی روشنی میں جب تک پالیسی پر عمل درآمد نہ ہو گا امن قائم نہیں ہو سکتا۔

❁ ❁ ❁

ٹوبہ ٹیک سنگھ (۲۲؍اگست) مجلس احرار اسلام ٹوبہ ٹیک سنگھ کے زیر اہتمام مرکز احرار جامع مسجد معاویہ میں یوم امیر شریعت کی تقریب سے مقامی امیر حافظ محمد اسماعیل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امیر شریعت نے اپنی ساری زندگی استعمار اور اس کے گماشتوں کے خلاف جدوجہد میں گزاری ان کی قربانیوں کا ہی نتیجہ تھا کہ پاکستان کی اسمبلی میں قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دلوایا گیا۔ تقریب کی صدارت مولانا محکم الدین صاحب نے کی جبکہ مقامی رہنما مولانا عبید الرحمٰن زاہد نے بھی امیر شریعت رحمہ اللہ کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔

❁ ❁ ❁

چیچہ وطنی (۲۵؍اگست) خانقاہ سراجیہ (کندیاں) کے سجادہ نشین حضرت مولانا خواجہ خلیل احمد نے کہا ہے کہ وہ جماعتیں اور ادارے مبارک باد کے مستحق ہیں، جنہوں نے نامساعد حالات کے باوجود جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے منصبِ ختمِ نبوت کے تحفظ کی پرامن جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں، وہ دورۂ چیچہ وطنی کے موقع پر گزشتہ روز مسلم لیگ (ن) کے رہنما حاجی محمد ایوب کی رہائش گاہ پر مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ کی سربراہی



© rasailojaraid.com